بچی کا نام مرخا فاطمہ رکھنا کیسا؟

مجیب: مولانا اعظم عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3514

تاریخ اجراء: 22 رجب المرجب 1446ھ / 23 جنوری 2025ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین و مفتیانِ شرعِ متین اس بارے میں کہ مِرخا فاطمہ نام رکھنا کیسا؟ اس کا معنی کیا ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

لفظ مرخا (میم کے نیچے زیر اور راء ساکن) عربی زبان کا لفظ ہے جس کا معنی ہے: "تیز رفتا۔" لہذا معنی کے اعتبار سے یہ نام رکھنا جائز ہے البتہ بہتر یہ ہے کہ آپ اپنی بیٹی کا نام اکیلا فاطمہ رکھ لیں کہ یہ نام حضور سیدِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کی ایک لاڈلی شہزادی صاحبہ رضی اللہ تعالی عنھا، کا مبارک نام ہے۔ نیز بچیوں کا نام امہات المؤمنین و صحابیات و صالحات امت کے نام پر رکھا جائے کہ احادیث میں نیک لوگوں کے ناموں پر اپنے بچوں کا نام رکھنے کی ترغیب دلائی گئی، نیز شخصیت پر اچھے ناموں کا اثر بھی ہوتا ہے۔

القاموس الوحید میں ہے: "المرخاء: تیز گام، تیز دوڑنے والا گھوڑا یا اونٹنی۔" (القاموس الوحید، ص 611، مطبوعہ لاہور)

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے: "تسموا بخیارکم" ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔ (الفردوس بماثور الخطاب، جلد 2، صفحہ 58، حدیث 2328، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں، جن کے کچھ معنی نہیں یا اون کے برے معنی ہیں، ایسے ناموں سے احتراز کریں۔ انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ و تابعین و بزرگانِ دِین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے، امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شاملِ حال ہو۔" (بہار شریعت، جلد 3، حصہ 15، صفحہ 356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

نوٹ: ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے مکتبۃ المدینہ کی کتاب "نام رکھنے کے احکام" پڑھیں۔ اس میں بچوں اور بچیوں کے بہت سے اسلامی نام بھی لکھے ہوئے ہیں، وہاں سے دیکھ کر کوئی سا بھی اچھا نام رکھا جاسکتا ہے۔ نیچے دئے گئے لنک سے یہ کتاب ڈاؤن لوڈ بھی کی جاسکتی ہے۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net